سوال

(581) رجسٹری پر فیصلہ ہوگا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

خالد کی عین حیات میں اس کا لڑکا ملازم ہوگیا۔ اور اپنی کمائی خاص سے بہت سی جائداد خرید کی بعد وفات خالد کے لڑکی اپنے بھائی سے موجودہ جائداد سے اپنا پورا حق طلب کرتی ہے۔ اور بھائی صرف اس قدر حصہ دینا چاہتا ہے۔ جو اس کی ملازمت سے پیشتر مال ومتاع اور جائداد تھی۔ صحیح مسئلہ کیا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رجسٹری پر فیصلہ ہوگا۔ باپ کے نام کی ہے توسب اولاد شریک ہوگی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص551

محدث فتویٰ